# دفتر افسر اعلیٰ تعلقات عامہ

# جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

## جامعہ گرلس ہاسٹل میں 'مینا بازار' کا اہتمام' روایتی دست کاری اور مقامی پکوانوں کے اسٹال سے ثقافتی میلے کی رونق میں اضافہ ہوا

New Delhi, February 13, 2026

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے تین گرلس ہاسٹلوں ،بیگم حضرت محل (بی ایچ ایم ) ہاسٹل، جموں اینڈ کشمیر ہاسٹل اور ہال آف گرلس ریزیڈینس (ایچ او جی آر ) نے بیگم حضرت محل ہاسٹل کے احاطے میں مورخہ گیارہ فروری دو ہزار چھبیس کو مشترکہ طور پر تفریح سے پر ثقافتی میلہ 'مینا بازار' کا انعقاد کیا۔

ثقافتی میلہ کا افتتاح عزت مآب پروفیسر مظہر آصف کی بیگم محترمہ شابایا آصف ، عالی وقار پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ کی اہلیہ اور پروگرام کی مہمان خصوصی ڈاکٹر زیبا ناز، پروفیسر احتشام الحق،کنٹرولر امتحانات کی اہلیہ محترمہ حمیرہ احتشام نے کیا۔

پروگرام میں ہاسٹل کے مکینوں اور یونیورسٹی کے طلبہ خاص طور سے طالبات کی خصوصی دلچسپی نظر آئی کیوں کہ یہ اپنی نوعیت کا منفرد پروگرام تھا جسے تین ہاسٹلوں کی طالبات تیار کیا تھا اور اس کا انتظام وانصرام خود انہوں نے ہی کیا تھا۔صلاحیتوں اور ہنر کے مظاہرے کے علاوہ پروگرام نے طالبات کے لیے انٹرپرینورشپ اور مارکیٹنگ کے راست تجربات کا موقع بھی فراہم کیا۔ہاسٹل کے مکینوں نے ملک کے مختلف حصوں سے روایتی دست کاری پر مبنی مصنوعات کے اسٹال سجائے تھے جن سے جامعہ کے تنوع جس کے لیے وہ مشہور ہے اس کی ایک جھلک نظر آئی۔فروخت کے لیے رکھے گئے طالبات کے تیار کردہ ماکولات ومشروبات کے اسٹال پر زائرین کا ہجوم تھا جو مختلف ریاستوں کے لذیذ پکوانوں سے لطف اندوز ہوا۔

ڈین،اسٹوڈینٹس ویلفیئر، یونیورسٹی کے مختلف شعبہ جات کے صدور، مراکز کے ڈائریکٹر،فیکلٹی اراکین 'مینا بازار' آئے اور نمائش سے لطف اندوز ہوئے، پکوانوں کا مزہ لیا اور طالبات کی حوصلہ افزائی کی۔واضح ہو کہ پروفیسر شیما علیم، پرووسٹ، بی ایچ ایم ، پروفیسر نکہت منظور، پرووسٹ جموں اینڈ کشمیر گرلس، ہاسٹل اور پروفیسر رعنا نور، پرووسٹ، ایچ او جی آر (اولڈ) جامعہ ملیہ اسلامیہ نے یہ خوب صورت پروگرام ترتیب دیا تھا۔

**پروفیسر صائمہ سعید**

افسر اعلیٰ،تعلقات عامہ